Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 16 | پیر، 10 نومبر 2025ء، 18 جمادی الاول 1447ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 217

عالمی کاپ 30 کانفرنس، وزیراعلیٰ شرکت کیلئے برازیل پہنچ گئیں

سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب، وزیر تعلیم رانا سکندر اور وزیر لیگل گورنمنٹ ڈیزائن رفیق بھی وزیراعلیٰ کے ہمراہ ہیں، وزیراعلیٰ مریم نواز کاپ 30 کانفرنس میں پنجاب میں ماحولیاتی بہتری کے وژن اور اقدامات پر گفتگو کریں گی

مریم نواز کلائمیٹ ریزی لینس، ستھرا پنجاب، الیکٹرک گاڑیوں، جنگلات اور جنگلی حیات کے تحفظ و فروغ کا وژن اجاگر کریں گی اور عالمی رہنماؤں، بین الاقوامی ماحولیاتی اداروں کی قیادت اور ماہرین سے بھی ملاقات کریں گی، ذرائع

سٹیکر پنجاب اسکول ملک محمد احمد خان کی کالج میں منعقدہ وکم پارٹی کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

لاہور (این ای این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف عالمی کاپ 30 کانفرنس میں شرکت کے لیے برازیل پہنچ گئیں، سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب، وزیر تعلیم رانا سکندر اور وزیر لیگل گورنمنٹ ڈیزائن رفیق بھی وزیراعلیٰ کے ہمراہ ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کاپ 30 کانفرنس میں پنجاب میں ماحولیاتی بہتری کے وژن اور اقدامات پر گفتگو خطاب کریں گی، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز (تفیہ نمبر 1)

علامہ اقبالؒ کے خواب کی تعبیر رونما ہو رہی ہے

مریم نواز علامہ اقبال کے فلسفے پر عمل کرتے ہوئے پنجاب کو فلاحی صوبہ بنا رہی ہیں

مریم نواز کے ہر منصوبے میں شفافیت اور عوامی خدمت واضح آتا ہے، عظمیٰ بخاری

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ علامہ اقبال نے جس پاکستان کا خواب دیکھا آج اسکی تعبیر رونما ہو رہی ہے۔ قائداعظم اور علامہ اقبال کا پاکستان اقوام عالم میں سورج کی طرح چمک رہا ہے۔ مریم نواز (تفیہ نمبر 7)

وزیراعظم کو استثنیٰ دینے کی (ن) لیگ کی مجوزہ شق واپس لینے کا حکم

منتخب وزیراعظم قانون اور عوام کی عدالت میں جوابدہ ہے، ترمیم فی الفور واپس لی جائے

اسلام آباد (این ایس آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے وزیر اعظم کے استثنیٰ سے متعلق اپنی پارٹی کے بنچز کی ترمیم مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ منتخب وزیراعظم قانون اور عوام کی عدالت میں جوابدہ ہے، ترمیم فی الفور (تفیہ نمبر 10)

عالمی تبلیغی اجتماع کا پہلا مرحلہ ختم

اجتماعیت کو اہمیت دی جائے

اللہ کریم اپنی شان دیکھ کر عطا فرماتے ہیں، جو بندہ اللہ سے مانگے وہ پسندیدہ ہے، مولانا عبیدالاللہ خورشید

رائے ونڈ (این ایس آئی) عالمی تبلیغی اجتماع کا پہلا مرحلہ اجتماعی دعا کے ساتھ اختتام پذیر ہو گیا، رقت آمیز دعا کے دوران مجمع میں سناٹا چھا گیا، شرکا کی ہچکیاں بندھ گئیں، اختتامی دعا سے قبل لاکھوں کے مجمع سے خطاب کرتے (تفیہ نمبر 9)

چین میں پاکستانی قیمتی پتھروں کی طلب میں اضافہ

یاقوت اور نیلم اب نئی نسل، خصوصاً نوجوان صارفین کی شادیوں اور گفٹنگز کیلئے ترجیح بن رہے ہیں، سرپرداز وزارت ہنگامی (این ایس آئی) چین میں پاکستانی قیمتی پتھروں کی طلب میں اضافہ ہو گیا۔ چائنہ اکاکک نیٹ کے مطابق پاکستان کی ایکسپورٹ (سی آئی آئی ای) میں شرکت (تفیہ نمبر 8)

وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری ایرانی دفد کے شرکا کو شیلڈ دے رہی ہیں، سیکرٹری اطلاعات طاہر رضا ہمدانی و دیگر ایرانی وفد کے شرکا اور وزارت اطلاعات و ثقافت کے افسران بھی موجود ہیں

وزیراعظم شہباز شریف کی 27ویں ترمیم میں پرائم منسٹر کو فوجداری مقدمات میں استثنیٰ دینے کی ترمیم واپس لینے کی ہدایت

مشترکہ پارلیمانی کمیٹی نے 27ویں ترمیم کی منظوری دیدی

چیئرمین فاروق ایچ نائیک کی زیر صدارت اجلاس، تمام ترامیم کی شق وار منظوری دی گئی، یکساں نصاب تعلیم، صوبہ خیبر پختونخوا کے نام کی تبدیلی، بلدیاتی اختیارات کی پنجاب سطح تک منتقلی اور بلوچستان اسمبلی کی نشستوں میں اضافی کی ترامیم مسترد ہے یو آئی (ف) کی بھی بائیکاٹ ختم کر کے پارلیمانی کمیٹی کے اجلاس شرکت، آئین کے آرٹیکل 243 میں ترامیم کی بھی منظوری دیدی گئی 27 ویں آئینی ترمیم کو منظوری کیلئے آج سینٹ اجلاس میں پیش کیا جائیگا، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار

اسلام آباد (این ای این) سینٹ اور قومی اسمبلی کی مشترکہ پارلیمانی کمیٹی نے 27 ویں آئینی ترمیم کی منظوری دے دی، جس کے بعد اسے آج سینٹ کے اجلاس میں پیش کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق 27ویں آئینی ترمیم کے مسودے پر غور اور منظوری کیلئے (تفیہ نمبر 8)

وزیراعلیٰ مریم نواز کا علامہ محمد اقبالؒ کے یوم پیدائش پر خصوصی پیغام

پنجاب اور اہل پنجاب صوبہ پاکستان علامہ محمد اقبالؒ کی فکری عظمت کو سلام پیش کرتے ہیں، علامہ اقبالؒ نے قوم کی سمت متعین کی اور قائداعظمؒ درماندہ قافلے کو منزل کی طرف لیکر چلے۔ علامہ اقبالؒ نے اپنی شاعری سے نوجوانوں (تفیہ نمبر 6)

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے شاعر مشرق، مصور پاکستان علامہ محمد اقبالؒ کے یوم پیدائش پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا کہ پنجاب اور اہل پنجاب صوبہ پاکستان علامہ محمد اقبالؒ کی فکری عظمت کو سلام پیش کرتے ہیں۔ علامہ اقبالؒ شاعر ہی نہیں بلکہ مصلح اور مناصح تھے۔ علامہ اقبالؒ نے اپنی شاعری سے ہر مظلوم کے مسائل کو آزادی کا درس دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے شاعر مشرق، مصور پاکستان علامہ محمد اقبالؒ کی فکری عظمت کو سلام پیش کرتے ہوئے کہا کہ علامہ اقبالؒ کا پاکستان کا خواب دیکھا آج اسکی تعبیر رونما ہو رہی ہے۔ قائداعظم اور علامہ اقبال کا پاکستان اقوام عالم میں سورج کی طرح چمک رہا ہے۔ مریم نواز (تفیہ نمبر 7)

پانی کی بوتل صاف نہ کرنے سے صحت کو خطرہ لاحق ہو سکتا ہے، ماہرین

لندن (این ایس آئی) عالمی ویب سائٹ پر شائع تحقیق کے مطابق ماہرین نے کہا ہے کہ عام استعمال کی دوبارہ بھرنے والی بوتلیں بھی جراثیم کا گھر بن سکتی ہیں، ان (تفیہ نمبر 2)

آیئے، ہم اقبالؒ کی زندگی اور تعلیمات سے رہنمائی حاصل کریں

صدر آصف علی زرداری کا علامہ محمد اقبالؒ کے یوم پیدائش پر پیغام

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) آج ہم علامہ محمد اقبالؒ کا یوم پیدائش منا رہے ہیں۔ وہ شاعر مشرق اور فکر جن کے وژن نے برصغیر کے مسلمانوں میں آزادی اور خودداری کا شعور بیدار کیا۔ 1930 میں مسلم لیگ کے سالانہ اجلاس سے اپنے تاریخی (تفیہ نمبر 1)

پاکستانی اور ایرانی سرمایہ کاروں کو صوبے میں قالینوں کے ڈسپلے سینٹر قائم کرنے چاہئیں

پنجاب میں ایرانی قالینوں کی بڑی مانگ ہے، ایرانی سرمایہ کاروں کو صوبے میں قالینوں کے ڈسپلے سینٹر قائم کرنے چاہئیں

آئی آر آئی پی کے پاس ایران کا سب سے بڑا قلم سٹی موجود ہے، پنجاب کے فلم سٹی منصوبے میں ہر ممکن تعاون کرنے کو تیار ہیں

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ پاکستانی اور ایرانی فلم میکرز مل کر علامہ اقبال پر عالمی معیار کی فلم بنا سکتے ہیں۔ حکومت پنجاب نے فلم سٹی کے قیام کی منظوری دے دی ہے اور اس منصوبے پر جلد کام شروع ہوگا۔ اس فلم سٹی پر بننے والی فلمیں فلم بنا سکتے ہیں۔ حکومت پنجاب نے فلم سٹی کے سامنے ایران کے تکنہ تعاون کا ذکر کیا جانے کو خوش آمدید کہتے ہیں۔ آئی ڈیب نے فلم سٹی کا ڈیزائن مکمل کر لیا ہے۔ ایران کے سرمایہ کاروں (تفیہ نمبر 2)

پی ای سی ایل میں جو فیصلے ہوئے وہ 27 ویں ترمیم سے متعلق تھے، گورنر پنجاب

کراچی (این ایس آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا ہے کہ پنٹیلز پارٹی کی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی میں جو فیصلے ہوئے وہ 27ویں ترمیم سے متعلق تھے۔ عبداللہ شاہ غازی کے مزار پر حاضری کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے گورنر پنجاب نے کہا کہ پنٹیلز پارٹی وفاق کے ساتھ کھڑی ہے، پی پی (تفیہ نمبر 3)

امریکی ناظم لاہور گالی بکر نے گورنر ہاؤس کے سٹیشن اور میزم کا دورہ کیا۔ وفاقی وزیر برائے محمد حنیف عباسی کو ایک "ریلے" سامان تحفہ "کے طور پر سراہتے ہیں جو پاکستان، خلیج میں بہترین بیوکریٹ اور اصلاحات کر رہے ہیں

بیرون ملک ملازمت کیلئے پاک سافٹ اسکور پر جرمنیشن لازم قرار

بیرون ملک ملازمت کیلئے نئی شرط کا اطلاق رواں ماہ 19 نومبر سے ہوگا

لاہور (این ایس آئی) بیرون ملک ملازمت کے خواہش مند پاکستانیوں کے لئے پاک سافٹ اسکور پر جرمنیشن لازم قرار دیا گیا۔ رجسٹریشن کے بغیر پاسپورٹ پر (تفیہ نمبر 2)

سلام آباد میں میگا پراجیکٹس کی تکمیل کو یقینی بنایا جائے

اسلام آباد میں مختلف میگا پراجیکٹس کیلئے ریکویسٹ فار پروپوزل (آر ایف پی) کی تیاری اپنے آخری مراحل میں ہیں

منصوبوں کے تمام عمل میں اوپن اور شفاف مقابلہ جاتی طریقہ کار کو ہر صورت یقینی بنایا جائے، چیئرمین سی ڈی اے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) و چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا کی زیر صدارت ایس سی او سٹ کی تیاری کے حوالے سے مختلف میگا

چیئرمین سی ڈی اے چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا ایس سی او سٹ کی تیاری کے حوالے سے مختلف میگا پروجیکٹس پر سی ڈی اے ہیڈ کوارٹرز میں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

حکومت کی اے این پی کو تحفظات دور کرنے کی یقین دہانی

اسلام آباد (این ایس آئی) وفاقی حکومت نے عوامی نیشنل پارٹی (اے این پی) سے رابطہ کیا اور انہیں تحفظات دور کرنے کی یقین دہانی کروائی ہے۔ ذرائع کے مطابق حکومت نے اے این پی سینیٹر سے وزیراعظم شہباز شریف کے مشاہیر میں شرکت کی درخواست کی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے اتحادی (تفیہ نمبر 5)

مولانا فضل الرحمان کی 27ویں آئینی ترمیم کی مخالفت

صوبوں کا حق کم کرنے کا فیصلہ تسلیم نہیں کریں گے، سربراہ جے یو آئی

اسلام آباد (این ایس آئی) سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمان نے سات سیمینار میں آئینی ترمیم کی مخالفت کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبوں کا حق کم کرنے کا فیصلہ تسلیم نہیں کریں گے، سربراہ جے یو آئی (تفیہ نمبر 24)

غیر قانونی تعمیرات کے خاتمے کیلئے انسداد تجاوزات آپریشن جاری

اسلام آباد کے سیکٹر H-9 اور I-9 میں سرکاری اراضی مخصوص گرین بیلٹس پر قائم متعدد غیر قانونی دکانوں، چھپر ہوٹلوں اور مکانات کے خلاف بڑے پیمانے پر کارروائی کرتے ہوئے بھاری مشینری کا استعمال کرتے ہوئے غیر قانونی تعمیرات کو مسمار کر دیا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) چیئرمین کیپیٹل ڈیولپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) و چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا کی ہدایت پر وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں بلاتفریق تجاوزات و غیر قانونی تعمیرات کے خاتمے کیلئے بھرپور انسداد تجاوزات آپریشن جاری ہے۔ اس سلسلے میں بغیر دارالحکمیل کے بلاجوازی ڈی ای کے انور سعیت ڈائریکٹوریٹ نے ضلعی انتظامیہ اور اسلام آباد پولیس کے (تفیہ نمبر 3)

علامہ اقبالؒ کا 148 واں یوم پیدائش عقیدت و احترام سے منایا گیا

ہزار اقبالؒ پر گارڈز کی تبدیلی کی پروقار تقریب، پاک بحریہ کے دستے نے اعزازی گارڈ کے فرائض سنبھال لیے

لاہور (این ایس آئی) مظفر پاکستان تسلیم الامت یوم پیدائش عقیدت و احترام سے منایا گیا۔ مزار شاعر مشرق ڈاکٹر علامہ محمد اقبالؒ کا 148 واں اقبال پر گارڈز کی تبدیلی (تفیہ نمبر 9)

وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کا نام تبدیل کرنے کی ترمیم مشترکہ پارلیمانی کمیٹی میں پیش

خیبر پختونخوا کے نام کو دوبارہ تبدیل کرنے کی بات کی جارہی ہے، مجلسِ تحفظ

جو اچھی ترامیم ہوں گی ہم اپ کے ساتھ بیٹھ کر مانیں گے، محسن عزیز

اسلام آباد (این ایس آئی) عوامی نیشنل پارٹی (اے این پی) خیبر پختونخوا کا نام تبدیل کرنے کی ترمیم سینٹ و قومی اسمبلی کی قانون و انصاف کی مشترکہ (تفیہ نمبر 2)

علامہ اقبالؒ کی فکر آج بھی ہماری قومی و اجتماعی زندگی کیلئے رہنمائی کا سرچشمہ ہے

اقبالؒ نے غلامی کے اندھیروں میں خودی اور ایمان کی شمع روشن کی اور ایک مایوس قوم کو بیداری، علم و عمل اور خود اعتمادی کا درس دیا

پاکستان، اقبالؒ کے افکار کی روشنی میں امت مسلمہ کے اتحاد اور عالمی امن کے فروغ کے لیے اپنا تعمیری کردار ادا کرتا رہے گا، وزیراعظم کا پیغام

اسلام آباد (اے پی پی)، وزیراعظم محمد شہباز شریف نے شاعر مشرق، مفکر اسلام اور مصور پاکستان علامہ محمد اقبالؒ کے یوم ولادت کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ اقبالؒ کی فکر آج بھی ہماری قومی و اجتماعی زندگی کے لیے رہنمائی کا سرچشمہ ہے۔ اقبالؒ نے غلامی کے اندھیروں میں خودی اور ایمان کی شمع روشن کی اور ایک مایوس قوم کو بیداری، علم و عمل اور خود اعتمادی کا درس دیا۔ پاکستان، اقبالؒ کے افکار کی روشنی میں امت مسلمہ کے اتحاد اور عالمی امن کے فروغ کے لیے رہنمائی کا اپنا تعمیری کردار ادا کرتا رہے گا۔ ہفتہ کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے (تفیہ نمبر 26)

یونیورسٹی روڈ کو 10 نومبر سے 30 دسمبر تک بند کرنے کا فیصلہ

بیہ بندش 96 انچ اور 72 انچ قطر کی نئی پائپ لائنیں بچھانے کے لیے ضروری ہے

کراچی (این ایس آئی) نیپا چورنگی سے فیڈرل اردو یونیورسٹی تک یونیورسٹی روڈ کا ایک حصہ 10 نومبر سے 30 دسمبر تک بند رہے گا۔ ایک سینئر اہلکار نے بتایا کہ یہ بندش 96 انچ اور 72 انچ قطری کی پائپ لائنیں بچھانے کے لیے ضروری (تفیہ نمبر 27)

جاپان میں 6.7 شدت کا زلزلہ، سونامی وارننگ جاری

ٹوکیو (این ایس آئی) جاپان کے اوتاروکو بحرالکاہل کے شمالی حصے میں 6.7 شدت کے زلزلے کے بعد سونامی ایڈوائزری جاری کر دی۔ نیپر گلی فیرسان ادارے کے مطابق جاپان کی موسمیاتی ایجنسی (جے ایم اے) کے مطابق زلزلہ شام 5 بج کر 3 منٹ پر (تفیہ نمبر 8)

سوئی ناردرن گیس سپورٹس گالا 2025 کا افتتاح ہو گیا

افتتاح ڈپٹی مینیجنگ ڈائریکٹر فیصل اقبال نے لیاقت حمیزیم، پاکستان سپورٹس کمپلیکس، اسلام آباد میں کیا

کھیلوں کے فروغ سے نہ صرف نام سازی میں مدد ملتی ہے بلکہ آفیسر اور سٹاف کی کارکردگی میں بہتری آتی ہے

لاہور (پ ر) سوئی ناردرن گیس کے زیر اہتمام چار روزہ سالانہ کھیلوں کا افتتاح ڈپٹی مینیجنگ ڈائریکٹر فیصل اقبال نے لیاقت حمیزیم، پاکستان سپورٹس کمپلیکس، اسلام آباد میں کیا۔ ڈی ایم ڈی فیصل اقبال نے اس موقع پر شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کھیلوں کے فروغ سے نہ صرف نام سازی میں مدد ملتی ہے بلکہ آفیسر اور سٹاف کی کارکردگی میں بہتری آتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ان کھیلوں میں خواتین کی شرکت خوش آئند ہے اور اس بات کا ثبوت ہے کہ خواتین بہترین کھلاڑی بھی ہیں۔ تقریب میں ممبر پاکستان سپورٹس بورڈ، ممبر جنرل عرفان ارشد نے بھی شرکت کی۔ اس موقع پر سوئی ناردرن سپورٹس سیل کے صدر امتیاز محمود کھلاڑیوں سے ملے۔ اس (تفیہ نمبر 4)

علامہ اقبالؒ کا تصور خودی امت مسلمہ کے لیے بیداری اور خودشناسی کا پیغام ہے، اسٹیکر سردار ایاز صادق

آج ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم ان افکار کو اپنی قومی پالیسیوں، تعلیمی نظام اور اجتماعی رویوں کا حصہ بنائیں

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسٹیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے یوم اقبالؒ کے موقع پر اپنے پیغام میں شاعر مشرق، مفکر پاکستان علامہ محمد اقبالؒ کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ علامہ اقبالؒ کے افکار نے برصغیر کے مسلمانوں کے دلوں میں آزادی، خودی، اور ملی غیرت کی نئی روح پھونکی۔ انہوں نے کہا کہ اقبالؒ کی فکر نہ صرف قیام پاکستان کا فکری ماخذ ہے بلکہ پوری امت مسلمہ کے لیے مشعل راہ ہے۔ اسٹیکر نے کہا کہ اقبالؒ نے مسلمانوں کو جدا گانہ وجود حیات کا شعور عطا کیا اور ایک آزاد وطن کا تصور دے کر انہیں نظریاتی سمت فراہم کی۔ انہوں نے کہا کہ آج کے نوجوانوں کو چاہیے (تفیہ نمبر 29)

سٹیکر پنجاب اسکول ملک محمد احمد خان کی کالج میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والی طالبات کو سراہا رہے ہیں

جنرل ساحر کا دورہ سعودیہ: کنگ عبدالعزیز میڈل آف آنر سے نوازا گیا

سعودی مسلح افواج کے چیف آف جنرل سٹاف جنرل فیاض بن حامد الرویلی سے ملاقات

راولپنڈی (این ایس آئی) سعودی عرب نے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے چیئرمین جوائنٹ چیفس آف سٹاف جنرل ساحر شمشاد مرزا کو کنگ عبدالعزیز میڈل آف آنر آف دی ایکسیلینٹ کلاس سے نوازا ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق پاکستان کے چیئرمین جوائنٹ چیفس آف سٹاف کمیٹی جنرل ساحر شمشاد مرزا نشان امتیاز ملٹری کے سعودی (تفیہ نمبر 4)

بھارت سکھ رہنماؤں کے قتل میں ملوث، ڈاکیومینٹری جاری

کینیڈا میں 2023 میں خالصتان تحریک کے رہنما ہردیپ سنگھ نجار کا قتل کیا گیا

نئی دہلی (این ایس آئی) بھارت کی مغربی ممالک کے حوالے سے بلوم برگ نے ایک ڈاکیومینٹری جاری کر دی، کینیڈا میں 2023 میں خالصتان تحریک کے رہنما ہردیپ سنگھ نجار کا قتل کیا گیا، مطرب کے ساتھ تعلقات کو متاثر کیا ہے اس ای دوران امریکا (تفیہ نمبر 7)

یوٹیوب ڈولر کو 10 لاکھ روپے جرمانہ

پیمرا کا ایکشن، 3 ٹی وی چینلز کو 5 لاکھ روپے جرمانہ

اسلام آباد (این ایس آئی) پاکستان الیکٹرانک میڈیا ریگولیٹری اتھارٹی (پیمرا) نے یوٹیوب ڈولر کو 10 لاکھ روپے جرمانہ کر دیا۔ پیمرا کے مطابق 3 ٹی وی چینلز کو 5 لاکھ روپے جرمانہ کیا گیا ہے۔ پیمرا کے مطابق (تفیہ نمبر 2)

عوامی نمائندے قانون اور عوام کے سامنے جواب دہ ہیں

اسپیکر قومی اسمبلی کا آئین کے آرٹیکل 248 کے تحت استثنیٰ لینے سے دوٹوک انکار

اسلام آباد (این ایس آئی) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے آئین کے آرٹیکل 248 کے تحت استثنیٰ لینے سے دوٹوک انکار کر دیا۔ سینیٹ اور قومی اسمبلی کی پارلیمانی کمیٹی برائے قانون و انصاف کا مشترکہ اجلاس اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ اجلاس کے دوران (تفیہ نمبر 2)

راولپنڈی میں برائلر مرغی کے گوشت کی قیمتوں میں اضافہ

ہر دو برائلر مرغی 365 سے 380 روپے فی کلو تک فروخت ہو رہی ہے

راولپنڈی (این ایس آئی) راولپنڈی میں برائلر مرغی اور اس کے گوشت کی قیمتوں نے ایک بار پھر اوپر کی اڑان بھرنا شروع کر دی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق (تفیہ نمبر 2)

خواتین انارکلی چوک کے قریب لگائے گئے سٹال پر کتابیں دیکھ رہی ہیں

ہوٹل میں 6.7 شدت کا زلزلہ، سونامی وارننگ جاری

ٹوکیو (این ایس آئی) جاپان کے اوتاروکو بحرالکاہل کے شمالی حصے میں 6.7 شدت کے زلزلے کے بعد سونامی ایڈوائزری جاری کر دی۔ نیپر گلی فیرسان ادارے کے مطابق جاپان کی موسمیاتی ایجنسی (جے ایم اے) کے مطابق زلزلہ شام 5 بج کر 3 منٹ پر (تفیہ نمبر 8)

پاکستان کی فکری خلاقی اور نظریاتی بنیادیں

علامہ محمد اقبالؒ کا تصور خودی امت مسلمہ کے لیے بیداری اور خودشناسی کا پیغام ہے، اسٹیکر سردار ایاز صادق

آج ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم ان افکار کو اپنی قومی پالیسیوں، تعلیمی نظام اور اجتماعی رویوں کا حصہ بنائیں

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسٹیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے یوم اقبالؒ کے موقع پر اپنے پیغام میں شاعر مشرق، مفکر پاکستان علامہ محمد اقبالؒ کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ علامہ اقبالؒ کے افکار نے برصغیر کے مسلمانوں کے دلوں میں آزادی، خودی، اور ملی غیرت کی نئی روح پھونکی۔ انہوں نے کہا کہ اقبالؒ کی فکر نہ صرف قیام پاکستان کا فکری ماخذ ہے بلکہ پوری امت مسلمہ کے لیے مشعل راہ ہے۔ اسٹیکر نے کہا کہ اقبالؒ نے مسلمانوں کو جدا گانہ وجود حیات کا شعور عطا کیا اور ایک آزاد وطن کا تصور دے کر انہیں نظریاتی سمت فراہم کی۔ انہوں نے کہا کہ آج کے نوجوانوں کو چاہیے (تفیہ نمبر 29)

سٹیکر پنجاب اسکول ملک محمد احمد خان کی کالج میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والی طالبات کو سراہا رہے ہیں

عوامی للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
ABC
اتحاد، حق اور انصاف کا ترجمان
ایڈیٹر: ڈاکٹر عرفان مرزا، پبلشر: محمد عرفان مرزا

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

برطانوی چیف آف جنرل سٹاف کی فیلڈ مارشل عاصم منیر سے ملاقات

برطانوی فوج کے چیف آف جنرل سٹاف جنرل سر چارلس رولینڈ ونسٹ واکر نے جنرل ہیڈ کوارٹرز (جی ایچ کیو) راولپنڈی میں پاک فوج کے سربراہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات کی۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی سلامتی اور دفاعی تعاون کو مزید فروغ دینے کے اقدامات پر تبادلۂ خیال کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے خطے میں امن و استحکام کے قیام کے لیے مشترکہ تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ دورے پر آئے معزز مہمان نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاک فوج کی قربانیوں اور کامیابیوں کو سراہا اور خطے میں امن و استحکام کے لیے پاکستان کے کردار کی تعریف کی۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں جتنی قربانیاں دی ہیں وہ پوری دنیا میں ایک مثال ہیں اور دنیا کا کوئی بھی اور ملک دہشت گردی سے اتنا متاثر نہیں ہوا جتنا پاکستان ہوا ہے۔ پاکستان دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بھاری جانی و مالی نقصان اٹھا کبھی ڈٹا ہوا ہے اور اس ناسور کو جڑ سے اکھاڑنے کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کر رہا ہے۔ دہشت گردی اب پوری دنیا کا مشترکہ مسئلہ بن چکا ہے اور امریکا و برطانیہ جیسے بڑے ممالک بھی اس کی زد میں ہیں۔ ان ممالک کو بھی یہ بات بہت اچھی طرح پتا ہے کہ پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف جنگ کیسے لڑی ہے لیکن اس کے باوجود ان کی طرف سے پاکستان کو وہ امداد و اعانت مہیا نہیں کی گئی جس کا وہ مستحق ہے۔ برطانیہ سمیت پوری دنیا کو دہشت گردی کے تدارک کے لیے پاکستان کی معاونت کرنی چاہیے کیونکہ یہ جنگ صرف پاکستان کی نہیں ہے اور نہ اس نے صرف پاکستان تک محدود رہنا ہے بلکہ دہشت گرد تنظیمیں اور گروہ جغرافیائی حدود سے اوپر اٹھ کر ہر جگہ اپنے امن دشمن ایجنڈے کو فروغ دینے کے لیے کام کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ اس صورتحال میں امریکا اور برطانیہ جیسے طاقتور اور اہم ممالک کو پاکستان کے ساتھ مل کر ایسا لائحہ عمل تیار کرنا چاہیے جو دہشت گردی کی بیخ کنی کے لیے ممد و معاون ثابت ہو۔ مزید یہ کہ اس سلسلے میں بھارت جیسے ممالک کو بھی لگام ڈالنے کی ضرورت ہے جو دہشت گرد تنظیموں اور گروہوں کی سرپرستی کر رہے ہیں۔

لکھو کہ قلم کا حق ادا ہو۔۔۔خوف کا طلسم ٹوٹے اور ضمیر جاگے

تحریر: سردار محمد ریاض

کبھی زمانہ تھا جب لفظوں کے پر کھلے تھے۔ قلم کی نوک پر آزادی کا چراغ جلتا تھا۔ اخبار کے صفحات محض کالا نہیں تھے، وہ قوم کی نبض تھے، وہ عوام کے جذبات کے امین تھے، وہ مظلوم کی صدا اور ظالم کے خلاف احتجاج تھے۔ صحافی کا قلم وہ شمشیر تھا جو حق کے لیے بھی تھی اور حق کی حرمت پر کٹ بھی جایا کرتی تھی مگر آج وہ قلم لرزتا ہے۔ وہ الفاظ اور جو بھی حروف کو آزادی کے لباس میں ڈھالتی تھیں، اب خوف کے پہیے میں تر ہیں۔ وہ لفظ جو کبھی جلتے سورج کی طرح آنکھوں میں چبھتے تھے، اب اندھیروں میں گم ہو گئے ہیں۔ یہ دور وہ نہیں جو آزادی کے نام پر وعدہ کرتا تھا۔ یہ وہ دور ہے جہاں بولنا جرم ہے، لکھنا گناہ ہے اور حق کو بغاوت۔ وہ قوم جو سچ حق کے نعرے پر اکٹھی ہوتی تھی، اب مصلحت کے سائے میں ٹھہر چکی ہے۔ اب ہر لب پر تالا ہے، ہر دل میں خوف کا کٹہرہ ہے۔ وہ کہنے والے کہ داب عدالتیں نہیں، تعزیرات ہیں اور ان زنجیروں میں وہی لوگ قید ہیں جنہوں نے کبھی لفظوں سے روشنی بانٹی تھی۔ کبھی اخبار کے اوراق صفحے پر لکھا ہوا ایک سچ صاحبِ کے ضمیر بلا دیتا تھا۔ اب وہی صفحہ اشتہار بن گیا ہے۔ کبھی ایڈیٹر وہ ہوتا تھا جو سچ کے ایک لفظ پر پوری حکومت سے ٹکرا جاتا تھا، آج وہی ایڈیٹر اس بات پر خوفزدہ ہے کہ کسی خطے سے اشتہار بند نہ ہو جائے۔ خبر اب واقعہ نہیں رہی، خبر اب سودا ہے۔ ایک طرف سچ کا جنازہ اٹھتا ہے، دوسری طرف اس کے قاتلوں کی پریس ریلیز شائع ہوتی ہے۔ ہم نے صحافت کو تجارت بنا دیا۔ ہم نے سچائی کو بیچنے میں لیپٹ کر سچ دیا اور جو تبدیلی پکاء ہو بند ہو گیا۔ اب رپورٹنگ نہیں ہوتی، ریسرچ ہوتی ہے۔ اب تجزیہ نہیں ہوتا، ترجمانی ہوتی ہے۔ اب حقائق نہیں چھپتے، بلکہ حقائق چھپائے جاتے ہیں اور جو کوئی ان فلاؤں کو بنانے کی کوشش کرے، اس پر براہ راست شعبے کا ہتھوار اٹھ جاتا ہے۔ یہ دور نہ زمانہ ہے جہاں حق بولنے والا پہلے وکیل ڈھونڈتا ہے، پھر قلم اٹھاتا ہے۔ جہاں لکھنے سے پہلے سوچنا پڑتا ہے کہ یہ جملہ زندان تک لے جانے کا باعث بن سکتا ہے۔ جہاں قومی مفاد کے نام پر ہر جھوٹ کو زیور پہنا دیا گیا ہے اور ہر سچ کو غدار قرار دے دیا گیا ہے۔ یہ وہ دھرتی ہے جہاں لفظوں کو دفن کیا جاتا ہے اور خاموشی کو حب الوطنی کہا جاتا ہے۔ حتیٰ کہ جب بات ہو کسی ان ملک میں ظلم کے خلاف بولنا دشمنی بن جاتا ہے۔ سوال پوچھنا گستاخی ٹھہرتا ہے اور جو ظلم سچائی کا نام لیتا ہے، اس پر غداری کے مقدمہ بنا دیے جاتے ہیں۔ قلم کو اوزار سے زیادہ طاقتور کہا جاتا تھا، آج وہی قلم سب سے زیادہ خطرناک ہتھیار سمجھا جاتا ہے مگر یہ ہتھیار ان کے لیے ہے جو جھوٹ کے عمل میں ملتے ہیں۔ کیونکہ سچ وہ چنگاری ہے جو جھلوں کو نہیں، ضمیروں کو جلا دیتی ہے۔ راقم الحروف نے دو دن پہلے دیکھے جب کالم لکھتے وقت دل میں ایک عجیب سی راحت ہوتی تھی۔ جیسے کوئی فرض ادا ہو رہا ہو۔ جیسے چھوٹا سا جنگل خانہ بنا لیا ہے۔ ہم خود اپنے الفاظ کے قیدی بن گئے ہیں۔ ہم نے آزادی کے لفظ کو باوگار بنا دیا ہے مگر اس کی روح کو دفن کر دیا ہے۔ ہمارے دل میں کھٹکتا ہے پوچھنے والے ہنکر آزادی اظہار کی بات کرتے ہیں مگر اپنے اسکرین پر سچ کی ایک جھلک برداشت نہیں کر پاتے۔ وہ کوئی فرد نہ دارانہ پر دلشکنہ کر دفن کر دیتے ہیں اور عوام، جو کبھی ان پر بھروسہ کرتی تھی، اب تھکتی ہے۔ ہم ایک ایسے عہد میں داخل ہو چکے ہیں جہاں جھوٹ کو سچ بنانے کی فیکٹریاں دن رات چلتی ہیں۔ جہاں جھوٹ کا وزن بڑھانے کے لیے سچ کو کمزور کیا جاتا ہے۔ جہاں پروپیگنڈا خبر بن چکا ہے اور سچائی محض ایک قصہ۔ اس صدمہ میں لکھنا عبادت بن گیا ہے اور عبادت خطرناک کام۔ میں ان نوجوانوں سے کہتا ہوں جو قلم اٹھانے کا خواب رکھتے ہیں اگر تمہیں یہ گمان ہے کہ صحافت عزت کا پیشہ ہے، تو یاد رکھو آج سے دور میں یہ قربانی کا پیشہ ہے۔ تمہیں ہر لفظ سے پہلے اپنا خوف مارنا ہوگا۔ تمہیں وہ سچ لکھنا ہوگا جسے پڑھ کر تمہیں خود بھی خوف آنے لگے۔ یہی حق کی اصل علامت ہے کہ وہ طاقتور کو پریشان کرے، اور کمزور کو امید دے۔ یہ نظام، یہ حکومت، یہ طاقت کے توازن پر بیٹھے لوگ، یہ سب اس وقت تک سلامت رہیں گے جب تک ہم خاموش رہیں گے۔ ان کی طاقت ہماری خاموشی ہے۔ اگر ہم نے بولنا شروع کر دیا، اگر ہم نے لکھنا شروع کر دیا، اگر ہم نے صرف اپنے دلوں میں دفن سچ کو لفظوں میں ڈھال دیا تو ان کے محلوں کی دیواریں لرز جائیں گی۔ کیونکہ وہ ڈر لرزے جو کبھی ذرا نہیں کرتا۔ تمہیں پھر سے لکھنا سیکھنا ہوگا۔ تمہیں اپنے ڈر تو پایا ہوگا۔ تمہیں یاد رکھنا ہوگا کہ تاریخ میں ہمیشہ وہ لوگ زندہ رہتے ہیں جنہوں نے سچ کہا، نہ کہ وہ جنہوں نے سچ چھپایا۔ وہ جو ظلم کے آگے خاموش رہے، ان کے نام وقت کے بلے میں گم ہو گئے۔ مگر وہ جنہوں نے لب کھولے، چاہے ان کے لب بند کر دیے گئے، وہ آج بھی زندہ ہیں۔ سو اب وقت آ گیا ہے کہ ہم اپنے لفظوں کو قید سے آزاد کریں۔ کہ ہم ان زنجیروں کو توڑیں جو ہمیں اندر سے جکڑے ہیں۔ ہم سچ لکھنے کا حوصلہ کریں، چاہے اس کے بدلے ہمیں اپنا چین، اپنا مقام، اپنا تحفظ قربان کرنا پڑے۔ کیونکہ اگر ہم نے اب بھی خاموشی اختیار کی، تو ذرے والی نسلیں ہمیں اس بات پر کوسیں گی۔ سچ بولنے والا اکیلا ہوتا ہے، مگر وہی دنیا کو بدلتا ہے۔ باقی سب تماشائی رہ جاتے ہیں۔ قلم اگر زنجیروں میں ہے تو اس کی گونج بھی بغاوت ہے۔ ہمیں وہ گونج بنانا ہے۔ ہمیں وہ لفظ بننا ہے جو ڈرے نہیں، جو جھکے نہیں، جو کسی کے حکم سے نہیں بلکہ اپنے ضمیر سے کلام جائے۔ کبھی کسی کے لیے اجنبیت کے لب بولنے والے خاموش ہو جائیں، تو جھوٹ بولنے والے ماکریں جانے ہیں ہم نے حقیقت اپنی آنکھوں سے دیکھی ہے۔ اب وقت ہے کہ ہم اپنی آنکھوں سے اس حقیقت کو دیکھیں۔ لکھو کہ قلم کا حق ادا ہو۔ خوف کا طلسم ٹوٹے۔ لکھو کہ ضمیر جاگے۔ لفظ وہ چنگاری بنیں جو اندھیروں میں روشنی کرے اور اگر اس روشنی میں سچ کی بلی جلتی ہے تو جلنے دو۔ شاید اسی راکھوں سے کل کا سنیوسچ طلوع ہو۔

ہسپتالوں میں فیس پارکنگ۔۔۔مریضوں اور لواحقین کی جیبوں پر ڈاکہ

داخل ہو رہے ہیں جہاں پارکنگ فیس کے سہولت کے عوض جائز کی جا سکتی ہے؟ جہیں وہ تو اس مقام پر آتے ہیں جہاں آنکھوں میں آنسو ہوتے ہیں دل میں خوف ہوتا ہے زبان پر دعائیں ہوتی ہیں مگر اس کے باوجود ان سے پیسہ وصول کیا جاتا ہے جیسے ان کی بے بسی کوئی کاروبار بن چکی ہو۔ ہسپتال کے دروازے پر کھڑا ہر گارڈ اینڈیسک کی سرپاہ دار سے نہیں لگتا جیسے کوئی ماں کے علاج کے لیے آیا ہے یہ کہتا ہے "پہلے پارکنگ فیس دو" کیسا المیہ ہے کہ انسان کے دکھ بھی اب ایک کمائی کا ذریعہ بن چکے ہیں۔ سرکاری ہسپتالوں میں تو ویسے ہی وہ لوگ آتے ہیں جن کے پاس نجی ہسپتالوں کے اخراجات اٹھانے کی سکت نہیں ہوتی، ان کی جیب میں اوجات تو ایک عام مزدور یا دیہاڑی دار اپنی موٹر سائیکل کے لیے پٹرول کے آخری چند روپے خرچ کر کے ہسپتال پہنچتا ہے اور دروازے پر یہ بتایا جاتا ہے کہ "بغیر فیس کے اندر پارک نہیں کر سکتے"۔ وہ یہ چارہ ہو سوچتا ہے کہ کیا اب ہسپتال کے ساتھ شرعت بھی جرم بن چکی ہے؟ کیا علاج کے ساتھ ساتھ غریب ہونا بھی سزا ہے؟ کیا علاج کے ساتھ ساتھ غریب ہونا بھی سزا ہے؟ ہسپتالوں میں پارکنگ فیس کا جواز دیا جاتا ہے کہ یہ "انتظامات" کے لیے ہے! "سکیورٹی" کے لیے ہے مگر سوال یہ ہے کہ کیا یہ ذمہ داری حکومت کی نہیں؟ کیا عوام اپنے ٹیکسوں سے پہلے ہی یہ جو جھیں ادا کرتے ہیں؟ سرکاری ہسپتال عوام کے پیسوں سے چلتے ہیں، وہاں کی عمارت، وہاں کا عملہ، وہاں کی سہولیات سب عوام کے ٹیکسوں سے چلتی ہیں پھر انہی عوام سے دوبارہ فیس لینا کیسی زیادتی نہیں بلکہ ایک اخلاقی زوال کی علامت ہے کیونکہ جو قوم اپنے بیماروں کے دکھوں سے کمائی کرنے لگے وہ انسانیت کے بنیادی جذبے سے خالی ہو جاتی ہے۔ پارکنگ فیس کے نام پر یہ استحصال دراصل ایک سوچ کی عکاسی کرتا ہے۔ وہ سوچ جو غریب کو ہر جگہ نچوڑنے پر تلی ہوئی ہے۔ ایک عام آدمی جب اپنا بیمار فرد کے علاج کے لیے ہسپتال لے کر جاتا ہے تو اس کے دل میں صرف ایک ہی خواہش ہوتی ہے کہ کسی طرح اس کا مریض صحت یاب ہو جائے مگر وہ دروازے پر پہنچتے ہی ایک نئی فکر میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ کہیں گاڑی کھڑی کرنے کی جگہ نہ مل جائے، کہیں فیس نہ دینا پڑے، کہیں کسی اہلکار سے تلخ کلامی نہ ہو جائے۔ کیا ایک انسان کو اس وقت بھی یہ اذیت سہنی چاہیے جب وہ پہلے ہی دکھ میں گھرا ہوا ہو؟ یہ المیہ صرف مالی نہیں، انسانی ذلت کا بھی ہے۔ دیہات کے مہذب معاشروں میں ہسپتال کو عبادت گاہ کی طرح سمجھا جاتا ہے، جہاں انسان کے دکھوں کا احترام کیا جاتا ہے۔ وہاں مریضوں کے ساتھ آنے والوں کے لیے سکون پیدا کی جاتی ہیں ان کے لیے سایہ دار جگہیں، پینے کا ٹھنڈا پانی اور پارکنگ کی مفت سہولتیں فراہم کی جاتی ہیں مگر ہمارے ہاں ظلم الٹا چل رہا ہے یہاں جس کے پاس پیسے زیادہ ہیں وہاں اسے اتنی زیادہ سہولتیں ملتی ہیں اور جس کے پاس کچھ نہیں، اسے ہر موڑ پر رسوائی اور ذلت کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ پارکنگ فیس کے نام پر جو رقم ہسپتال روزانہ ہزاروں گاڑیوں سے وصول کیے جاتے ہیں وہ کہاں جاتے ہیں؟ کیا ان سے واقعی ہسپتال کے انتظامات بہتر ہوتے ہیں؟ یا یہ جگہ جو عوامی بالادفر فرد کے حوالے کر دیا گیا ہے تاکہ وہ عوام کے خون پسینے کی کمائی سے اپنا پیٹ بھر سکے؟ اگر حکومت واقعی شفافیت چاہتی ہے تو عوام کو بتانا چاہئے کہ ان فیسوں سے جمع ہونے والا پیسہ کہاں خرچ ہوتا ہے کیونکہ یہ عوامی جگہ ہے عوام کا ادارہ ہے اور وہاں سے حاصل ہونے والی ہر رقم عوامی امانت ہے۔ یہ عمل سراسر معاشی استحصال ہے۔ غریب کی جیب سے آخری سکے تک نکال لینا، اسے ہر موڑ پر مالی دباؤ میں مبتلا رکھنا یہی اس نظام کا المیہ ہے۔ ہسپتال تو وہ جگہ ہوتی ہے جہاں داخل ہوتے ہی دل کو سکون ملنے لگ جائے۔ وہاں داخل ہوتے ہی انسان کا ضمیر جاگ اٹھتا ہے کہ کیا ہم واقعی زندہ معاشرہ ہیں؟ کیا ہم نے انسانیت کا احساس کھو دیا ہے؟ یہ حکومت کے لیے سوچنے کا مقام ہے جو لوگ اربوں کے منصوبے بناتے ہیں کیا وہ چند پارکنگ مقامات کو فیس کے بغیر نہیں کر سکتے؟ کیا وہ چند روپے عوام پر رحم کے طور پر نہیں چھوڑ سکتے؟ اگر ہسپتالوں میں آنے والا ہر شخص کسی کاروبار کی طرح دیکھا جانے لگا تو یہ نظام کب تک انسانیت کا بوجھ اٹھائے گا؟ حکومت اور اشرافیہ کے ضمیر کو جاگنا ہوگا۔ یہ وقت محض انتظامی فیصلے کا نہیں، انسانی ہمدردی کے امتحان کا ہے۔ پارکنگ فیس ختم کرنا شاید حکومت کے لیے ایک چھوٹا قدم ہو مگر عوام کے لیے یہ ایک بڑا ریلیف ہوگا۔ یہ اس بات کا اعلان ہوگا کہ حکومت کو اپنے غریب شہریوں کے دکھوں کا احساس ہے کہ وہ صحت کے کہ ہسپتال میں آنے والا شخص تفریح کے لیے نہیں، بیماری کے باعث آیا ہے اور یہ کہ حکومت جاگتی ہے کہ ہر پارکنگ فیس، ہر چھوٹی رسید ایک غریب کے عوام کا ادارہ ہے اور وہاں سے حاصل ہونے والی ہر رقم عوامی امانت ہے۔ یہ عمل سراسر معاشی استحصال ہے۔ غریب کی جیب سے آخری سکے تک نکال لینا، اسے ہر موڑ پر مالی دباؤ میں مبتلا رکھنا یہی اس نظام کا المیہ ہے۔ ہسپتال تو وہ جگہ ہوتی ہے جہاں داخل ہوتے ہی دل کو سکون ملنے لگ جائے۔ وہاں داخل ہوتے ہی انسان کا ضمیر جاگ اٹھتا ہے کہ کیا ہم واقعی زندہ معاشرہ ہیں؟ کیا ہم نے انسانیت کا احساس کھو دیا ہے؟ یہ حکومت کے لیے سوچنے کا مقام ہے جو لوگ اربوں کے منصوبے بناتے ہیں کیا وہ چند پارکنگ مقامات کو فیس کے بغیر نہیں کر سکتے؟ کیا وہ چند روپے عوام پر رحم کے طور پر نہیں چھوڑ سکتے؟ اگر ہسپتالوں میں آنے والا ہر شخص کسی کاروبار کی طرح دیکھا جانے لگا تو یہ نظام کب تک انسانیت کا بوجھ اٹھائے گا؟ حکومت اور اشرافیہ کے ضمیر کو جاگنا ہوگا۔ یہ وقت محض انتظامی فیصلے کا نہیں، انسانی ہمدردی کے امتحان کا ہے۔ پارکنگ فیس ختم کرنا شاید حکومت کے لیے ایک چھوٹا قدم ہو مگر عوام کے لیے یہ ایک بڑا ریلیف ہوگا۔ یہ اس بات کا اعلان ہوگا کہ حکومت کو اپنے غریب شہریوں کے دکھوں کا احساس ہے کہ وہ صحت کے کہ ہسپتال میں آنے والا شخص تفریح کے لیے نہیں، بیماری کے باعث آیا ہے اور یہ کہ حکومت جاگتی ہے کہ ہر پارکنگ فیس، ہر چھوٹی رسید ایک غریب کی عزت کو ٹھیس پہنچاتی ہے۔ یہ وقت ہے کہ ہم اپنی پالیسیوں پر نظر ثانی کریں۔ ہسپتال انسانیت کی خدمت کے مراکز ہیں نہ کہ مال کمانے کا ذریعہ بنایا جائے۔ وہاں آنے والوں کو عزت، سہولت اور ہمدردی دی جانے کہ رسیدیں اور دھکے کیونکہ اگر ہم نے اپنے پیاروں کی بے بسی کو اپنی جیب کا بوجھ بنا دیا تو یہ سوال ہمارے سامنے ہمیشہ کھڑا رہے گا کہ ہم نے اپنے غریب کی عزت کو ٹھیس پہنچائی۔ یہ وقت ہے کہ ہم اس ظلم کو ختم کریں۔ ہسپتال کو ایک ایسا ادارہ بنائیں جہاں ہر شخص کا احترام کیا جائے۔ وہاں آنے والوں کو عزت، سہولت اور ہمدردی دی جائے نہ

بقیہ 1

شریف کامپلیکس ریزی لیٹس، سفورا ہاٹیاں الیکٹرک گاڑیوں، بیٹلک اور جنگی جہاز سے تحفظ وفروغ کا ہی ذمہ اٹھا کر کرسی کی۔ کوپ 30 کانفرنس 21 نومبر تک جاری رہے گی، وزیراعظم جناب مریم نواز شریف وہ برازیل کے دوران قیادت اور ہمارین میں اپنی الاوائی اعلیٰ اداروں کی قیادت اور ہمارین میں بھی ملاقات کریں گی۔

بقیہ 2

کو چاہیے کہ وہ جناب میں ایرانی قائدین کے ایٹمی سینٹرز کو نشانہ بنائیں۔ پاکستان میں ایرانی قائدین کو بہت زیادہ اثاثے ہیں اور اسے شیعہ میں ہمارے پاکستان کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ اس خیالات کا اظہار وزیر اطلاعات جناب جنگ بنگاری نے ایرانی قونصل جنرل کی جناب سے دوسرے مطلاعیے میں گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ایرانی وفد میں ڈیفنس سٹریٹ اور ہیزر بلفر ذوالکا اور ایرانی عباس محمد زادہ، رضا قلی محمد اور علی محمدی بھی موجود تھے۔ وزیر اطلاعات نے ایرانی وفد کے ساتھ ایرانی وفد کے شرکاء کو تبادلہ ذہنی بھی کیں۔ جنگی بنگاری نے حرم کیا کہ آنے والے رمضان میں قرآنے کے مقابلوں کے حوالے سے ایک ذرائف تیار کیا جا رہا ہے۔ اس کا مقصد پاکستان اور ایران مشترکہ طور پر ایک جوائنٹ ورک طور پر ہم شرکا کرسکتے ہیں۔ ڈاکٹر ذوالکا نے کہا کہ پاکستان اور ایران سے ہیزر بلفر در ایران۔ نے کہا کہ IRIB کے پاس ایران کے سب یو ٹاپلفرمز موجود ہیں، جس میں تربیت یافتہ اور بہترین کارکن ہیں۔ IRIB نے کہا کہ IRIB کے قلم نے کے دورے کی دعوت دی گئی۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ ایران اور پاکستان کے تعلقات کو مزید بہتر بنانے کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ ایران اور پاکستان کے تعلقات کو مزید بہتر بنانے کے لیے پاکستان اور ایران مشترکہ طور پر ایک جوائنٹ ورک طور پر ہم شرکا کرسکتے ہیں۔ ڈاکٹر ذوالکا نے کہا کہ IRIB کے پاس ایران کے سب یو ٹاپلفرمز موجود ہیں۔ جس میں تربیت یافتہ اور بہترین کارکن ہیں۔ IRIB نے کہا کہ قلم نے کے دورے کی دعوت دی گئی۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ ایران اور پاکستان کے تعلقات کو مزید بہتر بنانے کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ ایران اور پاکستان کے تعلقات کو مزید بہتر بنانے کے لیے پاکستان اور ایران مشترکہ طور پر ایک جوائنٹ ورک طور پر ہم شرکا کرسکتے ہیں۔ ڈاکٹر ذوالکا نے کہا کہ

زہران ممدانی کے نیویارک کا میئر منتخب ہونے پر سب لوگ خوش ہیں

پیپلز پارٹی زہران ممدانی کی کامیابی میں اپنا روٹی، کپڑا اور مکان بھی ڈال رہی ہے عظمیٰ بخاری

پہلے یہاں تو مدد لیں آپ نیو یارک چلے گئے ہیں، سندھ کی بات کریں تو آپ پیچھے پڑ جاتے ہیں

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر اطلاعات و ثقافت عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ زہران ممدانی کے نیویارک کا میئر منتخب ہونے پر سب لوگ خوش ہیں لیکن ہم لوگ ذرا فکر میں ہیں، پیپلز پارٹی کہہ رہی ہے کہ ہم تو مدد لیں آپ نیو یارک چلے گئے ہیں، سندھ کی بات کریں تو آپ پیچھے پڑ جاتے ہیں، میری تو دیسی بیوی ڈھائیوں لگاتے ہیں۔

کیپٹن (ر) علی رضا قاضی نے بطور ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد چارج سنبھال لیا

اسلام آباد (این این آئی) کیپٹن (ر) علی رضا قاضی نے بطور ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد چارج سنبھال لیا۔ تعیناتیوں کے مطابق کیپٹن (ر) علی رضا قاضی نے بطور ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد کا چارج سنبھال لیا، کیپٹن (ر) علی رضا قاضی کا تعلق 44 کاہن سے ہے، پولیس میں شمولیت سے قبل آپ نے نوسال پاک فوج میں اپنے فرائض سرانجام دیئے، اس دوران آپ نے آپریشن ضرب عضب (بقیہ نمبر 31)

سموگ کی شدت برقرار، لاہور کی فضا تعطیل کے روز بھی آلودہ رہی

877 گاڑیوں کے چالان اور 288 گاڑیاں بند کر دی گئیں

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور کی فضا تعطیل کے روز بھی آلودہ رہی۔ لاہور کے مختلف علاقوں میں ایئر کوالٹی انڈیکس خطرناک حد تک بڑھ گیا، بھوگی شرح 275، ریکارڈ کی گئی۔ سڑکوں پر دھواں دار کالوں کی شرح 302، لوز مال 515، اتفال ٹائون 517، سمانہ رو 497، ایف سی کالج (بقیہ نمبر 30)

ناردوال: ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا کرتار پور آنے والے سکھ یاتریوں کا استقبال کر رہے ہیں

ہمیں فکر اقبال کو اپنا مشعل راہ بنانا ہوگا، سردار یعقوب ناصر

اسکے افکار پر کاربند رہ کر پاکستان کو عالمی دنیا میں اہم مقام دلاسکتے ہیں

لورالائی (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے سینئر مرکزی نائب صدر رکن قومی اسمبلی سردار محمد یعقوب خان ناصر نے کہا ہے کہ ہمیں فکر اقبال کو اپنا مشعل راہ بنانا ہوگا، انکے افکار پر کاربند رہ کر پاکستان کو عالمی دنیا میں اہم مقام دلاسکتے ہیں ہمیں نظری نظریاتی قربتیں بنا کر ایک دوسرے کی اخوت اتحاد و اتفاق کا عملی مظاہرہ کرنا ہوگا، ایک دین اپنا ایک اللہ اور سول کے ماننے والے ہیں۔

جمادی الثانی 1447 ہجری کے چاند سے متعلق پیشگوئی

جمادی الثانی کا چاند 20 نومبر کو صبح 11 بج کر 47 منٹ پر پیدا ہوگا، محکمہ موسمیات

لاہور (این این آئی) محکمہ موسمیات نے جمادی الثانی 1447 ہجری کے چاند سے متعلق پیشگوئی کر دی۔ محکمہ موسمیات کے مطابق جمادی الثانی کا چاند 20 نومبر کو صبح 11 بج کر 47 منٹ پر پیدا ہوگا، رویت ہلال کے امکانات 21 نومبر کی شام واضح کر دیئے گئے۔ غروب آفتاب کے وقت چاند کی عمر تقریباً 30 گھنٹے اور 21 منٹ ہوگی۔ محکمہ (بقیہ نمبر 34)

راولپنڈی: پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات پیر سٹرہانیل چودری فوکل پرسن احمد حسین ہاشمی کو پی پی 18 کے میڈیا کوآرڈینیٹر اور انفارمیشن سیکرٹری اطلاعات کا پروٹوکول دے رہے ہیں

این سی سی آئی اے کرپشن سکینڈل کی تفتیش ہوشربا انکشافات

راولپنڈی کے 5 غیر قانونی کال سینٹرز سے ڈیڑھ کروڑ ماہانہ بھتہ لیا جاتا رہا، آٹھ ماہ کے دوران 12 کروڑ روپے بٹورے گئے

کال سینٹر سے گرفتار چینی باشندوں کی رہائی کیلئے بھی بھاری رقم وصول کی گئی، معاملات میں 13 افسران کا گینگ شامل، فرنٹ مین بھی رگڑے ہوئے ہیں

لاہور (راولپنڈی) (این این آئی) این سی سی آئی اے کرپشن اسکینڈل کی تفتیش میں ہوشربا انکشافات سامنے آ رہے ہیں، 13 افسران کا گینگ راولپنڈی کے 15 غیر قانونی کال سینٹرز سے ڈیڑھ کروڑ روپے ماہانہ بھتہ لیتا رہا۔ تفتیشی افسر کے حوالے سے کہا گیا ہے کہ ایڈیشنل ڈائریکٹر کی ایم فرنٹ مین حسن امیر کے ذریعے رقم لیتی رہی، آٹھ ماہ کے دوران 12 کروڑ روپے بٹورے گئے، کال سینٹر سے (بقیہ نمبر 35)

راولپنڈی: سندرہ پولیس کی کارروائی، موقعہ سے 1 لاکھ 25 ہزار روپے، ساؤنڈ سسٹم، ایمپلی فائر، کیمپر سسٹم، لیپ ٹاپ اور دیگر سامان قبضہ پولیس میں لے لیا

ٹیسٹ کرکٹر عامر نذیر کے بھائی انتقال کر گئے

جونیئر سلیکشن کمیٹی کے سابق رکن، قومی کرکٹر عامر نذیر کے بڑے بھائی انتقال کر گئے

لاہور (این این آئی) جونیئر سلیکشن کمیٹی کے سابق رکن اور قومی کرکٹر عامر نذیر کے بڑے بھائی عرفان الحسن انتقال کر گئے۔ مرحوم کی عام شہریوں کی طرح بس میں سفر کیا۔ چیف سیکرٹری اور محتسب اراکین اسمبلی بھی وزیراعلیٰ کے ہمراہ موجود تھے۔ شہریوں نے وزیراعلیٰ کو اپنے درمیان پا کر خوشی کا اظہار کیا، سلفیاں بھی بنائیں۔ کارخانو لیبر آرمی اسٹیشن میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ پی آر ٹی سی بسوں کی تعداد مزید (بقیہ نمبر 36)

غیر قانونی راستے سے بیلاروس جانے والے دو مسافر گرفتار

مسافروں میں محمد آکاش اور اسد رحمان شامل ہیں، جن کا تعلق کوٹلی آزاد کشمیر سے ہے

کراچی (این این آئی) ایف آئی اے نے ویزٹ ویزے کے نام پر غیر قانونی راستے سے بیلاروس جانے کی کوشش ناکام بنا دی۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق ایف آئی اے ایئرپورٹ سیکیورٹی فورس نے ویزٹ ویزے کے حامل دو مسافروں کو آف لوڈ کیا، مسافروں میں محمد آکاش اور اسد رحمان شامل ہیں۔

پنجاب بھر میں دفعہ 144 کے نفاذ میں 7 روز کی توسیع

صوبہ بھر میں ہر قسم کے احتجاج، جلسے، جلوس، دھرنوں، اجتماع اور ایسی تمام سرگرمیوں پر پابندی عائد

15 نومبر تک چار یا زائد افراد کے عوامی مقامات پر جمع ہونے، ہر قسم کے اسلحہ کی نمائش، لاؤڈ اسپیکر کے استعمال پر پابندی

اشتعال انگیز، نفرت آمیز یا فرقہ وارانہ مواد کی اشاعت و تقسیم پر مکمل پابندی ہوگی، ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب نے نوٹیفکیشن جاری کر دیا

لاہور (این این آئی) حکومت پنجاب نے صوبہ بھر میں دفعہ 144 کے نفاذ میں 7 روز کی توسیع کر دی۔ محکمہ داخلہ پنجاب کے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق پنجاب میں ہر قسم کے احتجاج، جلسے، جلوس، ریلیوں، دھرنوں، اجتماع اور ایسی تمام سرگرمیوں پر پابندی عائد رہے گی۔ محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق ہر ضلع میں 15 نومبر تک چار یا زائد افراد کے عوامی مقامات پر جمع ہونے، ہر قسم کے اسلحہ کی نمائش، لاؤڈ اسپیکر کے استعمال پر پابندی عائد رہے گی۔ اشتعال انگیز، نفرت آمیز یا فرقہ وارانہ مواد کی اشاعت و تقسیم پر مکمل پابندی ہوگی، ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب نے نوٹیفکیشن جاری کر دیا (بقیہ نمبر 38)

لاہور: خاندہ بدوش بچے بادامی باغ سبزی منڈی میں انگھی کی سبزیاں فروخت کر رہے ہیں

شفافیت سے نظام کی جڑیں مضبوط ہوتی ہیں، پنجاب بار کونسل

لاہور (این این آئی) پنجاب بار کونسل کے وائس چیئرمین چودھری محمد اشفاق لوہٹ اور چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی ذبیح اللہ ناگرہ نے کہا ہے کہ پنجاب بار کونسل کے انتخابات کے پُرامن انعقاد پر رجسٹرار آفیسر ایڈووکیٹ جنرل امجد پرویز سمیت تمام ذمہ داران سے اظہار تشکر کرتے ہیں، شفافیت سے نظام کی جڑیں مضبوط ہوتی ہیں، سابقہ سٹنڈر کے بیان میں انہوں نے کہا کہ کسی کے وقتی تر مفادات میں اتحاد و یگانگت کا مظاہرہ کرنا چاہیے، چیچہ وطنی سے چیچہ (بقیہ نمبر 39)

راولپنڈی: راولپنڈی پولیس کی کارروائیاں، بزرحراست افراد سے داؤ پر لگی رقم 1 لاکھ 42 ہزار 500 روپے، 12 موبائل فون اور تاش کے پتے برآمد

ننھے کندھے، بھاری بوجھ بچوں کے بورے بھرے مگر پیٹ خالی

شہر میں غربت اور مہنگائی کی بڑھتی ہوئی لہر نے معصوم بچپن کو بھی اپنی لپیٹ میں لے لیا ہے

لاہور (سید رشید احمد شاہ) کندھے پر بورے، ہاتھ میں کندھے، بھاری بوجھ بچوں کے بورے بھرے مگر پیٹ خالی کندھے کوٹ شہر میں غربت اور مہنگائی کی بڑھتی ہوئی لہر نے معصوم بچپن کو بھی اپنی لپیٹ میں لے لیا ہے۔ شہری گلیوں اور سڑکوں پر ننھے بچے اور بچیاں اپنے کندھوں پر بورے اٹھائے پھرتے کے ڈھیر کھنگالتے نظر آتے ہیں معصوم بچے کچرے سے پلاسٹک کی بوتلیں، پُرزے کے ٹکڑے، لوہے کے ٹکڑے اور دیگر بے کار اشیاء جمع کرتے فروخت کرتے ہیں تاکہ اپنے گھر والوں کے لیے آٹا کی بوری تک اور چائے پتی خرید سکیں سکیں (بقیہ نمبر 40)

نادرا نے خواتین کیلئے پہلا مخصوص رجسٹریشن سینٹر قائم کر دیا

یہ سینٹر خواتین کو ایک محفوظ، آرام دہ اور باعزت ماحول فراہم کرے گا

لاہور (این این آئی) نادرا نے جنوبی پنجاب میں خواتین کے لیے پہلا مخصوص رجسٹریشن سینٹر قائم کر دیا۔ نادرا نے ڈیرہ غازی خان میں اپنا پہلا خواتین کے لیے مخصوص رجسٹریشن سینٹر قائم کیا ہے۔ یہ سینٹر خواتین کو ایک محفوظ، آرام دہ اور باعزت ماحول فراہم کرے گا جہاں وہ بآسانی شناختی کارڈ، فیملی رجسٹریشن سرٹیفکیٹ اور بچوں کے اندراج جیسے تمام خدمات حاصل کر سکتی ہیں۔ نادرا سینٹر مرکز مال آف ڈی جی خان گارمنٹ ٹاؤن ملتان روڈ پر بنا (بقیہ نمبر 41)

راولپنڈی: کمیٹی چوک اتوار بازار سے شہری مختلف مصالحہ جات خرید رہے ہیں

ریٹائرڈ پولیس آفیسر نوسر باز کے جال میں پھنس گیا

لاکھوں روپے کی جمع پونجی سے محروم، نیلم ٹاؤن میں انویسٹمنٹ کا لالچ

فراڈ اور دھوکہ دہی کے الزامات ڈی پی او چکوال سے فوری کارروائی کا مطالبہ

چکوال (غلام شہزاد سے) ریٹائرڈ پولیس آفیسر اپنی عمر بھر کی جمع پونجی اور زیور گنوا بیٹھا۔ ذرائع کے مطابق نیل گل، جو بعد میں طور پر ایک عادی فراڈی اور کیا کڑا ثقافت نوسر باز ہے، نے نیلم ٹاؤن کے نام سے قائم دوکان میں انویسٹمنٹ اسکیم کا لالچ دے کر کئی افراد کو پھانسے میں لیا۔ متاثرہ شہری ڈاکٹر ظفر کے مطابق نیل گل نے انہیں کاروبار میں سرمایہ کاری کی پیشکش کی، جس پر انہوں نے 4 لاکھ روپے نقد دیے۔ ابتدائی چند ماہ معمولی منافع کی ادائیگی کے بعد نیل گل نے رقم واپس کرنے سے انکار کر دیا۔ متاثرہ شخص کے مطابق انہیں مجموعی طور پر صرف 79 ہزار روپے برآمد کے طور پر ملے، جبکہ اصل رقم تاحال واپس نہیں کی گئی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ نیل گل کے خلاف ماضی میں بھی فراڈ، دھوکہ (بقیہ نمبر 42)

راولپنڈی، خاتون کو ہراساں کرنے کی وائرل ویڈیو، ملزم گرفتار

خواتین کے خلاف جرائم کسی صورت قابل برداشت نہیں، ترجمان راولپنڈی پولیس

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ سٹی کے علاقے میں خاتون کو ہراساں کرنے کے ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہونے کے بعد ملزم کو گرفتار کر لیا گیا۔ سی پی او سید خالد ہمدانی نے واقعے پر نوٹس لیا تھا جس پر واقعے کا مقدمہ درج کیا گیا، خاتون کو ہراساں کرنے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر سامنے آئی تھی۔ تھانہ سٹی پولیس نے سی پی او سید خالد ہمدانی کے حکم پر اپنی حدیت میں مقدمہ درج کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان راولپنڈی پولیس کے مطابق ملزم کو ٹھوس (بقیہ نمبر 43)

آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کا اردل روم

پولیس افسران کے سرکاری و ذاتی نوعیت کے مسائل من کرحل کیلئے احکامات جاری

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی اسلام آباد نے پولیس افسران کے سرکاری اور ذاتی نوعیت کے مسائل سن کر حل کیلئے سینئر افسران کو احکامات جاری کیے۔ تعیناتیوں کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے اسلام آباد پولیس کے افسران کو درجن بھر محکمانہ اور ذاتی نوعیت کے مسائل کے بروقت اور تشفی بخش حل کو یقینی بنانے کے لیے اردل روم (بقیہ نمبر 44)

ڈی آئی جی اسلام آباد کا اردل روم، پولیس افسران کے مسائل سنے

اسلام آباد (این این آئی) ڈی آئی جی اسلام آباد نے پولیس افسران کے سرکاری اور ذاتی نوعیت کے مسائل سن کر حل کیلئے سینئر پولیس افسران کو احکامات جاری کیے۔ تعیناتیوں کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد کے خصوصی ہدایات پر ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جاوار طارق نے اسلام آباد پولیس کے افسران کو درجنوں محکمانہ اور ذاتی نوعیت کے مسائل کے بروقت اور تشفی بخش حل کو یقینی بنانے کیلئے اردل روم (بقیہ نمبر 32)

دیکم دسمبر سے غیر رجسٹرڈ فوڈ پوائنٹس و ریسٹورنٹس کیخلاف کریک ڈاؤن کا فیصلہ

خلاف ورزی کرنے والوں کو 10 لاکھ روپے تک جرمانہ کیا جائیگا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد فوڈ اتھارٹی نے یکم دسمبر سے غیر رجسٹرڈ فوڈ پوائنٹس و ریسٹورنٹس کے خلاف کریک ڈاؤن کا فیصلہ کر لیا۔ تعیناتیوں کے مطابق وفاقی دارالحکومت میں غیر رجسٹرڈ فوڈ پوائنٹس اور ریسٹورنٹس کی رجسٹریشن جاری ہے۔ اسلام آباد فوڈ اتھارٹی نے یکم دسمبر سے غیر رجسٹرڈ فوڈ پوائنٹس اور ریسٹورنٹس کے (بقیہ نمبر 33)

ناردوال: ڈپٹی کمشنر ناردوال کیپٹن (ر) سید شاہ محمد احمد شاہ کندھ کوٹ شہر میں غربت اور مہنگائی کی بڑھتی ہوئی لہر کے ہاتھوں بچوں کے بورے بھرے

بلوچستان میں بچوں کے حفاظتی ٹیکہ جات کی شرح میں نمایاں اضافہ

15 نومبر 2025 تک ٹوکن ٹیکس جمع نہ کرانے والے افراد کو 20 فیصد جرمانہ ادا کرنا پڑیگا، ایکسائز

راولپنڈی (این این آئی) ایکسائز، کسٹمز اینڈ نارکوٹکس کنٹرول ڈیپارٹمنٹ راولپنڈی نے گاڑی مالکان کو خبردار کیا ہے کہ 5 نومبر 2025 تک ٹوکن ٹیکس جمع نہ کرانے والے افراد پر 20 فیصد جرمانہ ادا کرنا پڑے گا، جو کسی صورت معاف نہیں کیا جائے گا، ایکسائز کسٹمز اینڈ نارکوٹکس کنٹرول ڈیپارٹمنٹ راولپنڈی کے ڈائریکٹر عمران اسلم نے بتایا کہ حکومت پنجاب کی ہدایت (بقیہ نمبر 37)

ٹریفک پولیس کا غیر قانونی پارکنگ کیخلاف کریک ڈاؤن جاری

ٹریفک قوانین پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے، سی ٹی او اسلام آباد

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ٹریفک پولیس کا شاجگ مافیا، تجاوزاتی مراکز، مارکیٹس اور بڑی شاہراہوں میں غیر قانونی پارکنگ کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، خلاف ورزی پر گاڑیوں کیلئے بلاتفریق کارروائیاں عمل میں لائی گئیں، ٹریفک کے بہاؤ میں رکاوٹ پیدا نہ ہو، ڈسٹرکٹ کمشنر کوجر انور سید ڈپٹیہ شیرازی کھکھ یاتریوں کی سہولت کے لیے ڈسٹرکٹ کوجر انور سید ڈپٹیہ شیرازی کھکھ یاتریوں کی سہولت کے لیے (بقیہ نمبر 45)

ناردوال کمشنر کوجر انور سید ڈپٹیہ شیرازی کھکھ یاتریوں کی سہولت کر رہے ہیں

ایس ایس پی آپریشنز کیپٹن (ر) علی رضا قاضی فیلڈ میں متحرک

مختلف گرجا گھروں کا دورہ، سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا

اسلام آباد (این این آئی) ایس ایس پی آپریشنز کیپٹن (ر) علی رضا قاضی فیلڈ میں متحرک ہوگئے، ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد نے مختلف گرجا گھروں کا دورہ کیا اور سکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا، انہوں نے سکیورٹی ڈیوٹی پر مامور اہلکاروں سے ملاقات کی اور سکیورٹی انتظامات کو مزید بہتر بنانے کیلئے ہدایات جاری کیں۔ تعیناتیوں کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا، انہوں نے سکیورٹی (بقیہ نمبر 46)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

نوجوانوں پر سرمایہ کاری ملک کے مستقبل کی سرمایہ کاری ہے عطاء اللہ تارڑ

تعلیم میں ترقی ہی ملک و معاشرے کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے، نوجوانوں کو سکلز کے ساتھ تربیت دینا وقت کی اہم ضرورت ہے

وزیراعظم شہباز شریف نے نوجوانوں کو بااختیار بنانے کی پالیسیاں بنائیں، وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات کا خطاب

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ تعلیم میں ترقی ہی ملک اور معاشرے کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے، پاکستان کے نوجوانوں کے ہنر اور تخلیقی صلاحیتوں کی دنیا معترف ہے، وزیراعظم شہباز شریف نے نوجوانوں کو بااختیار بنانے کی پالیسیاں بنائیں، پورے ملک کے نوجوانوں کو مساوی مواقع میسر آ رہے ہیں۔ لیڈز یونیورسٹی کے لاہور کے کانووکیشن سے بذریعہ ویڈیو لنک خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ نے لیڈز یونیورسٹی کے فارغ التحصیل طلبہ کے لیے نیک خواہشات کا (بقیہ نمبر 47)

راولپنڈی: صدر دواہ پولیس کی کارروائی، بزرحراست فرد سے ڈاکو برآمد

سوئی سدرن کی جانب سے گیس مہنگی کرنے کی درخواست پر ساعت کل ہوگی

لاہور (این این آئی) سوئی سدرن کی جانب سے گیس 125 روپے 41 پیسے فی ایم ایم بی ٹی یو مہنگی کرنے کی درخواست پر ساعت کل (منگل) کو ہوگی۔ سوئی سدرن نے اوسط مقررہ قیمت 1658 روپے 56 پیسے فی ایم ایم بی ٹی یو مقرر کرنے کی درخواست کی ہے۔ سوئی سدرن کو گزشتہ برسوں کے خسارے کی مد میں 34 ارب 25 کروڑ روپے وصولی کی درخواست ہے۔ سوئی سدرن نے سندھ اور بلوچستان کے لیے گیس (بقیہ نمبر 48)

شہباز شریف کا رہنما جسٹس (ر) افتخار احمد چیمہ کے انتقال پر اظہار افسوس

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے مسلم لیگ ن کے رہنما سابق رکن قومی اسمبلی جسٹس (ر) افتخار احمد چیمہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اتوار کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے مرحوم کے بھائی سابق رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر شاہد احمد چیمہ اور سابق رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر شاہد (بقیہ نمبر 9)

ماس ٹرانزٹ سسٹم کا ٹی کیش کارڈ مہنگا ہوگیا

130 روپے کے کارڈ پر 130 روپے اضافی ڈیلیوری فیس عائد

لاہور (این این آئی) انگیج ٹرانسپورٹ نے ماس ٹرانزٹ سسٹم کا ٹی کیش کارڈ مہنگا کر دیا۔ ماس ٹرانزٹ میں سفر کرنے کے لیے ٹی کیش کارڈ کے ریٹ ڈبل کر دیئے گئے۔ 130 روپے کا کارڈ پر 130 روپے اضافی ڈیلیوری فیس عائد کر دی گئی (بقیہ نمبر 1 5)

عالم اسلام متحد نہ ہوا تو حالت غزہ اور مقبوضہ کشمیر کی طرح ہو گی، وزیر دفاع

اگر ہم اپنی اپنی ملکیتیں بچاتے رہے اور ملکر لڑے تو باری باری مشکل میں مبتلا ہوں گے، وفاقی وزیر دفاع

عالم اسلام کیخلاف لڑائی متحد ہو کر نہ لڑی تو پھر سب کی حالت غزہ اور کشمیر کی طرح ہو گی، میڈیا سے گفتگو

لاہور: وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر محمد علی مزاری اقبال پر حاضری دے رہے ہیں۔

سیالکوٹ (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ امت نے عالم اسلام کے خلاف متحد ہو کر لڑائی لڑی تو پھر ہم سب کی حالت بھی غزہ اور مقبوضہ کشمیر کی طرح ہو گی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے خواجہ آصف نے کہا کہ علامہ اقبال کا یوم پیدائش منایا جا رہا ہے، علامہ اقبال کا کلام ہمیشہ زندہ و پائندہ رہے گا، بدقسمتی سے ہم علامہ اقبال کا پیغام بھلا بیٹھے ہیں۔ خواجہ آصف نے کہا کہ امت ظلم اور ناانصافی میں مبتلا ہو اور حالات تک ظلم ہو رہا ہے، اللہ تعالیٰ ہمیں ہمت اور حالات دے کہ ہم مظلوم بہن (بقیہ نمبر 52)

صدر پاکستان کیلئے تاحیات استثنیٰ ہر اعتبار غلط اور شرمناک ہے، حافظ نعیم الرحمٰن

اسلام آباد (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے صدر پاکستان کیلئے تاحیات استثنیٰ کے غلط اور شرمناک قرار دیدیا۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے رد عمل میں امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ صدر پاکستان کے لیے تاحیات استثنیٰ دینا، آئینی، بھبوری، سماجی و سیاسی ہر اعتبار سے غلط اور شرمناک ہے۔ (بقیہ نمبر 53)

علامہ اقبال نے ہمیں خودی، ایمان اور عمل کا وہ پیغام دیا جو صحیح معنی میں محمد تھے

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر تعمیرات و مواصلات ملک صہیب احمد محمد تھے نے یوم اقبال کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ یہ دن عظیم مفکر اسلام، شاعر مشرق علامہ محمد اقبال کو خراج عقیدت پیش کرنے کا دن ہے۔ علامہ اقبال نے ہمیں خودی، ایمان اور عمل کا وہ پیغام دیا جس کے بدولت قومیں عروج حاصل کرتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دنوں کی ترقی کردار کی مضبوطی اور علم کے فروغ میں پوشیدہ ہے۔ اقبال کا تصور پاکستان عدل، مساوات اور بھائی (بقیہ نمبر 5 5)

زمین پر قبضے کا جشن منانے کیلئے جدید ہتھیاروں سے فائرنگ

ہوائی فائرنگ کا واقعہ تھانہ دھمیال کے علاقے چکری روڈ میں پیش آیا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی میں زمین پر قبضے کا جشن منانے کیلئے جدید ترین ہتھیاروں سے فائرنگ کرنے کی ویڈیو سامنے آ گئی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ہوائی فائرنگ کا واقعہ تھانہ دھمیال کے علاقے چکری روڈ خاصر کاؤنٹی میں پیش آیا جہاں ملزمان (بقیہ نمبر 54)

پانچ سالہ بچے کا سفاک انخواء کا رقاتل پولیس مقابلہ میں مارا گیا

ایک یوم قبل انخوا برائے تاوان کے مقدمے 5 سالہ عدن وسیم کی نعش شہر سے مل گئی تھی

گروھا (این این آئی) گھر کے باہر کھیلتے 5 سالہ بچے عدن وسیم کو انخوا کرنے کے اس کی نعش نہر میں پھینک کر تاوان طلب کرنے والا رشتہ دار انخوا کا رقاتل پولیس مقابلہ میں مارا گیا جس کے دو ساتھی نعش چھوڑ کر فرار ہو گئے پولیس مقتول کی نعش پوسٹ مارٹم کے لیے ہسپتال منتقل کر کے مصروف تفتیش ہے۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا میانوالی روڈ پر قصبہ تلمبا کا بدنام زمانہ رقاتل کھیتلیں 5 سالہ بچے عدن وسیم کے انخوا پر پولیس نے مقدمہ درج کر کے مغوی کی تلاش شروع کر دی۔

راولپنڈی: واپڈا کے اہلکار خطرناک انداز میں گیسے پر چڑھے بجلی کے تاروں کی مرمت کر رہے ہیں

پاکستان کی ترقی، اتحاد اور امن کیلئے ہر وقت کوشاں رہنا ہوگا

وزیر داخلہ محسن نقوی کا مفکر پاکستان شاعر مشرق علامہ محمد اقبالؒ کو شاندار الفاظ میں خراج عقیدت

ہمیں اقبالؒ کے اصولوں پر عمل کرتے ہوئے پاکستان کی ترقی، اتحاد اور امن کے لیے کوشاں رہنا ہوگا، بیان

سپہ سالار سرحدوں کی حفاظت کر رہا ہے، سپیکر پنجاب اسمبلی

افواج سیسہ پلائی دیوار بن کر شرفوں کو روک رہی ہیں، ملک محمد احمد خان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے مفکر پاکستان شاعر مشرق علامہ محمد اقبالؒ کو شاندار الفاظ میں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہمیں اقبالؒ کے اصولوں پر عمل کرتے ہوئے پاکستان کی ترقی، اتحاد اور امن کے لیے کوشاں رہنا ہوگا، انہوں نے کہا کہ اقبالؒ نے اپنے پیغام میں وفاقی وزیر نے کہا کہ اقبالؒ کی قسمت اور تقدیر کا فلک ایک بے مثال معراج، جس نے مسلمانوں میں خودی اور بلند کا جذبہ بیدار کیا، پاکستان اقبالؒ کے خواب کی تعبیر ہے اور اس کی حفاظت ہم سب کی ذمہ (بقیہ نمبر 56)

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے کہا ہے کہ 27 دسمبر تزہم پر محترمہ اور اپوزیشن جماعتوں کا جو موقف سامنے آیا ہے اس پر ہم چاہتا ہوں جو پارلیمان کی بزرگی کی بات کرے رہے وہ اب حالات کے بات کیں کرے ہیں، اگر جنر کی قیمتانی کا اختیار پارلیمنٹ کے پاس آئے تو کیا یہ بڑی بات ہے، جنر کی قیمتانی اور جنر کا موقف پارلیمنٹ کے پاس ہوگا تو پارلیمنٹ معتبر ہوگی۔ ایک تقریب میں شرکت کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے سپیکر ملک محمد احمد خان نے کہا کہ اسرائیل ایران کی لڑائی کو کوئی چھپا سکتا ہے، پاک افغان جنگ کو بھی اس کو کوئی چھپا سکتا ہے، آج سیکورٹی رپلارمز کی ضرورت ہے جو ستر سال (بقیہ نمبر 57)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں۔

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website

سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے

E-Commerce Website Price: 6000/-

Call / Whatsapp 0309-7900035